نمبر ۵۳ — جلد ۴۰

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ ماہ رجب المرجب ۱۳۴۷ھ مطابق ۳۱ دسمبر ۱۹۲۸ء

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

منظوری ٹھیکہ گوشت

۲۰ ستمبر ۱۹۲۸ء

معروضہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر درباب منظوری ٹھیکہ گوشت گیہی فی راس مبلغ بائیس روپیہ و تیری غذائی ۱۲ ماہ فی راس مبلغ نو روپیہ بنابر مصارف خاصہ بنام امیر اللہ [illegible] احمد پوچر من ابتدا اگست ۱۹۲۸ء لغایۃ جولائی ۱۹۲۹ء

حکم

ٹھیکہ مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۰ دسمبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

منظوری ٹھیکہ لیمون

۱۰ دسمبر ۱۹۲۸ء

معروضہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر درباره منظوری ٹھیکہ لیمون کا غذی بشرح تین آنہ روپیہ چودہ آنے فیصدی ۳۲ پنجہ من ابتدا اکتوبر ۱۹۲۸ء لغایۃ ستمبر ۱۹۲۹ء بنام نظیر احمد۔

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ لیمون کاغذی مصارف باورچیخانہ جات بہاداری بشرح تین آنہ روپیہ چودہ آنے فیصدی

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ احکام حضوری	صفحہ
۱	منظوری ٹھیکہ گوشت گیہی	۱
۲	ایضاً لیمون کاغذی	۱
۳	ایضاً [illegible]	[illegible]
۴	ایضاً [illegible]	[illegible]
۵	ایضاً	[illegible]
۶	اضافہ [illegible]	[illegible]
۷	[illegible]	[illegible]
۸	اضافہ [illegible]	[illegible]
۹	[illegible]	۳
۱۰	[illegible]	[illegible]
۱۱	رخصت [illegible]	[illegible]
۱۲	ایضاً [illegible]	[illegible]
۱۳	[illegible]	[illegible]

من ابتداے اکتوبر ۱۹۲۸ء لغایت ستمبر ۱۹۲۹ء بنابر یکسال بنام نظیر حسن منظور ہے
کاغذات بغرض اجراے احکام صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے یہاں مرسل ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۴ دسمبر ۱۹۲۸ء
دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

منظوری ٹھیکہ کسیرہ

۳ دسمبر ۱۹۲۸ء

مسودہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ
منظوری ٹھیکہ کسیرہ و پولو جینڈ قلعجات مجموعی مبلغ ایک سو پچیس روپیہ سالانہ باسم
اللہ رکھے خان و اشفاق حسین و مبارک علیخان و رسولیا ولد سلطان
مذکور لغایت نامبردگان۔

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ کسیرہ و جینڈ قلعجات مجموعی ایک سو پچیس روپیہ سالانہ بنام اللہ رکھے خان منظور ہے۔
کاغذات بغرض کارروائی واپس ہوں۔
بالائی آرڈر دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

منظوری ٹھیکہ لکڑی

۱۰ دسمبر ۱۹۲۸ء

مسودہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ
منظوری ٹھیکہ لکڑی بحساب فی روپیہ دو من ساڑھے اٹھائیس سیر معہ عنوان ۲۸-۱۹۲۹
محتاج خانہ و کنٹرول خانہ و سقایہ ہائے مساجد بنام قدرت اللہ خان
و کوئلہ فی روپیہ اکتیس سیر مصارف مہمانان باورچیخانہ جات بنام
قسیم خان من ابتداے نومبر ۱۹۲۸ء لغایت اکتوبر ۱۹۲۹ء۔

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ لکڑی و کوئلہ مصارف باورچیخانہ جات مہمانداری و کنٹرول خانہ
محتاج خانہ مساجد شہر بتفصیل ذیل۔ عنوان ۲۸-۱۹۲۹
لکڑی سوختنی بحساب فی روپیہ دو من ساڑھے اٹھائیس سیر بنام قدرت اللہ خان۔
کوئلہ بحساب فی روپیہ اکتیس سیر بنام قسیم خان برائے یکسال من ابتداے نومبر ۱۹۲۸ء
لغایت اکتوبر ۱۹۲۹ء منظور ہے۔ کاغذات واپس ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۰ دسمبر ۱۹۲۸ء
دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

منظوری ٹھیکہ لکڑی

۱ دسمبر ۱۹۲۸ء

مسودہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ
منظوری ٹھیکہ لکڑی فی روپیہ دو من بتیس سیر کوئلہ فی روپیہ اکتیس سیر معہ عنوان ۲۸-۱۹۲۹
باورچیخانہ جات خاصہ بنام قسیم خان من ابتداے نومبر ۱۹۲۸ء لغایت
اکتوبر ۱۹۲۹ء بشرائط سابقہ۔

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ لکڑی و کوئلہ مصارف باورچیخانہ جات خاصہ لکڑی سوختنی بحساب
فی روپیہ دو من بتیس سیر کوئلہ فی روپیہ اکتیس سیر بنام قسیم خان برائے یکسال من ابتداے نومبر
لغایت اکتوبر ۱۹۲۹ء منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی واپس ہوں۔
بالائی آرڈر دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱ دسمبر ۱۹۲۸ء
دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۴ دسمبر ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ تنخواہ منشی
ہادی رضا خان اڈیٹر فوجی گزٹ بقدر پندرہ روپیہ ماہوار بوجہ اسلوبی کام و کمی تنخواہ

حکم

ہادی رضا خان ملٹری اڈیٹر کی تنخواہ موجودہ میں پندرہ روپیہ ماہوار کا اضافہ حسب رپورٹ
صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

تبادل

۱۰ دسمبر ۱۹۲۸ء

سید آغا ابراہیم کا تبادلہ سررشتہ آڈٹ سے اجلاس ہمایوں میں تنخواہ موجودہ ماہوار پر
منظور ہے۔ انکی جگہ آڈٹ کی پیشکاری پر حسب پسند صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر اجلاس ہمایوں سے
حامد علیخان ولد کو جو اپنے کام میں ہوشیار اور خوشخط ہے موجودہ تنخواہ پر تبدیل کیا جاتا ہے
ناظر اجلاس کی بیماری کے باعث نظارت کا کام بھی عارضی طور پر سید آغا ابراہیم کے سپرد رہیگا
اور تا صحت ناظر دس روپیہ ماہوار الاؤنس کار نظارت کا انکو ملتا رہیگا۔ جب ناظر اپنے کام پر
حاضر ہو جائے تو الاؤنس بند ہو کر سید آغا ابراہیم کو حامد علیخان ولد کی تنخواہ ملیگی جنکی جگہ تبادلہ
ہوا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۰ دسمبر ۱۹۲۸ء

مس ایس گومس لیڈی ڈاکٹر کی تنخواہ موجودہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض میرسانند

جناب عالی

چیف میڈیکل افسر صاحب کی رپورٹ میں صراحت ہے کہ پہلی لیڈی ڈاکٹر مس پال کا ابتدائی تقرر [illegible] تنخواہ اور [illegible] کیرج الاؤنس پر ہوا تھا پھر ترقی ہوکر [illegible] تنخواہ اور [illegible] کیرج الاؤنس ہوگیا تھا۔ جملہ کاغذات ہمراہ عرضداشت ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔

دولت اقبال جاوید باد

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں ۲۲ دسمبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۲ دسمبر ۱۹۲۸ء

صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کی استدعا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض میرسانند

جناب عالی

منشی صادق حسین انسپکٹر مدارس فوت ہوگئے ہیں انکی جگہ خالی ہے۔ اس جگہ پر تعلیم یافتہ اور تعلیم کے تجربہ کار شخص کا تقرر ہونا ضروری ہے تاکہ مدارس کی تعلیمی نگرانی کافی ہوسکے۔ سید اختر علی بی اے باشندہ رامپور جو سابق میں ہائی اسکول میں ٹیچر تھے۔ اور [illegible] تنخواہ پاتے تھے۔ کام بھی انکا اچھا تھا۔ صرف اسکیم جدید کے اجراء میں ان کے تخفیف ہونے کی بنا پر برخاست کئے گئے انکا تقرر اس جگہ پر [illegible] مناسب ہے۔ انکو ساٹھ روپیہ تنخواہ دیجائیگی جو کہ انسپکٹر مدارس کو ملتی تھی۔ لہذا عرضداشت بامید صدور حکم منظوری تقرر سید اختر علی و اخراج نام منشی صادق حسین انسپکٹر مدارس ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔

دولت اقبال جاوید باد۔

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۲ دسمبر ۱۹۲۸ء

خانبہادر سید رضا حسین چیف مجسٹریٹ کے انتقال کی خبر سنکر بادولت اقبال نہایت متاسف ہوے۔ اور انکے پسماندگان کے ساتھ اظہار ہمدردی فرماتے ہیں۔

(۲) حسب تجویز صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر چیف مجسٹریٹ کے عہدہ پر مولوی سید مہدی حسن تحصیلدار ٹانڈہ کا تقرر کیا جاتا ہے۔ مولوی سید مہدی حسن کو دو سو روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔

(۳) صاحبزادہ سید ولی ظفر خان بہادر اسسٹنٹ مجسٹریٹ کی کارکردگی کے متعلق صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر نے سفارش کی ہے۔ انکو پچاس روپیہ ماہوار ترقی دیجاتی ہے۔

(۴) عہدہ تحصیلداری جو خالی ہے اسکی بابت بعد کو انتظام کیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۰ دسمبر ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ ایگزیکٹو انجنیئر صاحب انہار مورخہ ۱۸ دسمبر سنہ حال دربارہ منظوری رخصت یکماہ بلا تنخواہ محمد فصیح ہیڈ ڈرافٹسمین۔

حکم

منشی محمد فصیح ہیڈ ڈرافٹسمین انہار کی رخصت یکماہ بلا تنخواہ منظور ہے۔ کاغذ بغرض اجراء احکام واپس ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۱ دسمبر ۱۹۲۸ء

مثل تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت [illegible] یوم سید [illegible] نائب تحصیلدار حضور تحصیل بضرورت [illegible] از یوم [illegible]۔

حکم

یوم [illegible] سے رخصت [illegible] یوم نائب تحصیلدار حضور تحصیل کی منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

[illegible] میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ہفتہ سوم ماہ دسمبر ۱۹۲۹ء

نام جنس	خود تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۴۔۰۔۱۰ / ۱۰۔۱۰	۱۰۔۱۰				۱۰۔۰۔۱۰	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۰	۶				۶	
نخود کتہ آمیز	۶	۰				۶۔۰	
کتہ	۷	۰				۷	
ماش	۱۰۔۰	۱۰۔۰				۵	
مونگ	۴	۱۰۔۰				۵	
مکا	۷	۶				۶۔۰	
جئی	۵۔۰	۰				۱۱	
گوجئی	۹	۰				۸	
ارہر	۶	۰				۶۔۰	
برنج	۱۰	۳۔۰ / ۱۰				۱۰۔۰	
روغن زرد	۹ چھٹانک	۹ چھٹانک				۱۰	
روغن سیاہ	۱۰	۷				۱۰	
روغن کنجد	۷	۱۔۰				۷	
نمک سانبھر	۱۲	ندارد				۱۲	
نمک لاہوری	۶	۸				۸	
قند سیاہ	۵۔۰	۵				۴	
عدس	۵۔۰	۰				۶	
باجرہ	۶۔۰	۷۔۰				۶	